1951 DAAG

مارس اینڈ مودیر کا تیار کردہ بہترین و نایاب شاہکار

# داغ

میوزک

شنکر جے کشن

سٹوری و گانے

दाग

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

اداکاران:- دلیپ کمار۔ نمی۔ جواہر کول۔ ادشا کرن۔ للتا پوار۔ وغیرہ

# گانے

## نمبر ۱

طلعت

اے میرے دل کہیں اور چل

غم کی دنیا سے دل بھر گیا ۔ ڈھونڈ لے اب کوئی گھر نیا

چل جہاں غم کے مارے نہ ہوں ۔ جھوٹی آشا کے تارے نہ ہوں

ان بہاروں سے کیا فائدہ ۔ جس میں دل کی کلی جل گئی

زخم پھر سے ہرا ہو گیا ۔ چار آنسو کوئی رو دیا

پھیر کے کوئی منہ چل دیا۔

لُٹ رہا تھا کسی کا جہاں ۔ دیکھتی رہ گئی یہ زمیں

چُپ رہا بے رحم آسماں ۔ اے میرے دل ....

## نمبر ۲

دیکھو آیا یہ کیسا زمانہ

دُنیا ہے عجائب خانہ رے ۔ دیکھو آیا یہ کیسا زمانہ

کالی گھوڑی پہ بیٹھ کل ہم گئے تھے بازار

تیل تو دیکھا تھا پہلے سے دیکھی تیل کی دھار
جو کچھ دیکھا دیکھ کے ہم کو یاد آئے شری رام رے ۔ دیکھو آیا....
چوری کی چوکیداری دیکھی اندھوں کی ٹھکرائی
دیکھے بگلا بھگت ہزاروں گپ چپ کریں صفائی
مانگیں بھیک کروڑی مل جی دمڑی لال دھنوان رے ۔ دیکھو آیا....
سب قدرت کا کھیل ہے بھائی کہہ گئے داس کبیر
روز بدلتی ہے دُنیا بدلے ہر تقدیر
جس کی نظر کبھی نہ بدلے ہے لاکھوں میں وہی سیانا رے ۔ دیکھو..

## نمبر ۳

لتا

پریت یہ کیسی بول ری دُنیا ۔ ریت یہ کیسی بول
دُھول میں من کا ہیرا رُوئے ۔ کوئی نہ پوچھے مول
دیکھوں میں ایک سُندر سپنا ۔ ڈھونڈوں تاروں میں گھر اپنا
اندھی قسمت توڑ رہی ہے ۔ یہ سپنے انمول ۔ پریت...
ڈُوب گیا دن شام ہو گئی ۔ جیسے عمر تمام ہو گئی
میری موت کھڑی ہے دیکھو اپنا گھونگھٹ کھول ۔
میرے مُکھ سے بول اے داتا ۔ کیا جاتا تیری دُنیا د
پیار کا امرت دیکر تُو نے ۔ زہر دیا کیوں گھول

نمبر ۴

لاگے جب سے نین لاگے ۔ دل تو گیا
کیا جانے ؟ لگن لگیں کیا ہو گا آگے ۔ جب سے نین ....
ہم اُن کے گھر آکے شرما رہے ہیں ۔
کیوں کُھل گئے بھید چھپا رہے ہیں
بندھنے لگے لو محبت کے دھاگے ۔ جب سے نین لاگے
سپنے بھی اُن کے یہ نندیا بھی اُن کی ۔ میرا رہا کیا ہوئی میں تو اُن کی
سب کچھ بسیرا ان کے قدموں کے آگے ۔ جب سے ....
کیسی عجب ہیں محبت کی بتیاں ۔ بے ہوش دن ہیں تو بے چین رتیاں
کیسے کہیں ہم ہیں سوئے کہ جاگے ۔ جب سے ....

نمبر ۵

بجھ گئے غم کی ہوا سے پیار کے جلتے چراغ
بیوفائی چاند نے کی پڑ گیا اُس میں بھی داغ
ہم درد کے ماروں کا اتنا ہی فسانہ ہے
پینے کو شراب غم دل غم کا نشانہ ہے
دل ایک کھلونا ہے تقدیر کے ہاتھوں میں
مرنے کی تمنا ہے جینے کا بہانہ ہے

دیتے ہیں دعائیں ہم دنیا کی جفاؤں کو
کیوں ان کو بھلائیں ہم جب خود کو بھلانا ہے
ہنس ہنس کے بہاریں تو شبنم کو رلاتی ہیں
آج اپنی محبت پر دریا کو رلانا ہے

نمبر ۶

چاند اک بیوہ کی چوڑی کی طرح ٹوٹا ہوا
ہر ستارا بے سہارا سوچ میں ڈوبا ہوا
غم کے بادل اک جنازہ کی طرح ٹھہرے ہوئے
ہچکیوں کے ساز پر کہتا ہے دل روتا ہوا
کوئی نہیں میرا اس دنیا میں آشیاں برباد ہے
آنسو بھری ہے یہ محبت ملی ہے زندگی ناشاد ہے
جل ہوا تو رستے اپنا۔ قسمت میں ہے میری جی کے تڑپنا
آتی ہے میرے غم پہ جوانی۔ روتی ہوئی اک یاد ہے
سوکھ چکے ہیں آنکھوں کے جھرنے۔ لوٹ لیا ہیں داغِ جگر نے
پھول نہیں ہیں زخم کھلے ہیں۔ آسماں صیاد ہے
موسم دکھوں کا سر پہ ہے چھایا۔ مجھ سے جدا ہے خود میرا سایہ
ہم ہیں اکیلے غم کے ہیں میلے۔ درد کی فریاد ہے

## نمبر ۷

موت آگئی نہ آئے وہ مرنے کے بعد بھی
آنکھیں کھلی ہی رہ گئیں اس انتظار میں
کاہے کو دیر لگائی رے۔ آئے نہ اب تک بالما
ہم نے تو جان گنوائی رے۔ آئے نہ اب تک بالما

میری دعا ناکام ہوئی ہے۔ سورج ڈوبا شام ہوئی ہے
پہنے کفن جائیگی محبت۔ دل کی لگی بدنام ہوئی ہے
ہنستی ہے ساری خدائی رے۔ آئے نہ اب تک بالما

رونقِ دنیا یونہی رہے گی۔ آئینگی خوشیاں غم بھی سہے گی
لیکن میری برباد جوانی۔ مٹ کے اُن سے یہی کہے گی
ہم سے تو کی بیوفائی رے۔ آئے نہ اب تک بالما

رنگ یہ لائی چاہت کسی کی ۔ یاد رہیگی اُلفت کسی کی
میری قسم تجھے موت ٹھہر جا۔ دیکھ تو لوں میں صورت کسی کی
دل سے صدا یہ آئی رے۔ آئے نہ اب تک بالما
کاہے کو دیر لگائی رے ۔۔۔۔

(ختم شد)

# سینما سنگیت

جس کے اندر بولتی فلموں میں گائے ہوئے ۵۲۵ گانے درج ہیں جنہیں ۲۵۰ بہترین فلموں میں سے چنا ہے۔ اور جنکو زمانۂ حال کے مشہور ستارے مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا گیتا بالی۔ نورجہاں۔ ممتاز شانتی۔ مینا۔ نینا۔ ستارا۔ کانن بالا اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیوآنند۔ کرن دیوان۔ موتی لعل۔ وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جن کو ایک بار پڑھنے وسننے سے انسان تڑپ جاتا ہے اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔ ہارمونیم پر گانے سے تو ان گانوں کے لطف کی کوئی حد نہیں رہتی۔ اگر آپ کو فلمی گانوں کے پڑھنے وسننے کا ذرا بھی شوق ہے تو اس کتاب کو ضرور طلب کریں

قیمت صرف -/۸/۱ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ :۔

## رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

# صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اِس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کِس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہُوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ ۔ امریکہ ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانے کے قیمتی نسخے ۔ صابن ۔ تیل ۔ کریم ۔ پاوڈر ۔ اور روزمرہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنے کے طریقے درج ہیں ۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف ۔/۲ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

## رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی